© rasailojaraid.com

مولانا مجاہد الحسینی

(خاص برائے نقیب)

# یارب! لوگ بہت دکھیارے

کیسا دیس ہمارا جس میں ہم سب ہیں آباد
چند گھرانے شاداں اس میں اکثر ہیں ناشاد!

آؤ مل کر کھوج لگائیں بات کو سمجھیں ٹھیک
اس دھرتی کے حاکم مانگیں در در کیوں ہے بھیک؟

لاکھوں، اربوں قومی دولت کھا گئے جو رکھوالے
وہی تو روپ بدل کر پھر آجاتے ہیں دھن والے

چور کا ڈاکو نگراں ہو تو لوٹ رکے گی کیسے؟
خربوزے کے کھیت میں گیدڑ چوکیدار ہو جیسے

تم کہتے تھے کریں گے نافذ اسلامی دستور!
آج فرنگی دور سے بد تر حالت میں مجبور

دین کے دعویدار ہی جب اسلام کے ہوں بیوپاری
کیوں نہ عورت حاکم بن کر مردوں پر ہو بھاری

صحافت کا اک دور تھا جب کہ علم و ہنر معیار
آج زنانہ تصویروں سے رنگیں ہیں اخبار

علَم کی صورت قلم تھے جب تک میداں میں لہراتے
لوگ کفن بردوش ہمکتے دار و رسن تک آتے

ساری قوم ہی اپنے ربّ کی جب ہوتا فرمان
اپنے کئے کی بھگتے کیوں نہ ہر پہلو ہر آن

آج صغیر کبیر دعائیں مانگ رہے ہیں سارے
امن و سکون عطا ہو یا ربّ! لوگ بہت دکھیارے

## تعلیمی اداروں کی نج کاری اور قادیانیت

حکومت پنجاب کی طرف سے تعلیمی اداروں کی نج کاری کی آڑ میں جس مقام پر بھی نیشنلائزڈ سکول، کالج (یا کوئی تعلیمی ادارہ) قادیانیوں کو دیا جارہا ہو اس کے جملہ کوائف، رقبہ، عمارت، مسلمان اور قادیانی اساتذہ و طلباء اور سٹاف کی تعداد نیز جس ادارے میں مسجد موجود ہو اسکی وضاحت سمیت تمام تر مصدقہ و مستند معلومات جلد از جلد درج ذیل پتہ پر ارسال فرمائیں۔

عبداللطیف خالد چیمہ

دفتر مجلسِ احرار اسلام، جامع مسجد چیچا وطنی ضلع ساہیوال فون: 0445-611657



© rasailojaraid.com